1st Annual 2024 نہم کلاس

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

حصہ انشائیہ

اردو لازمی

کل نمبر=60

حصہ اول

گروپ : پہلا

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(الف) تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر ۔ یہی میری حرمت یہی آبرو ہے

(ب) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں ۔ جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(ج) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو ۔ نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

(د) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط ان کو ۔ جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(الف) عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن ۔ دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(ب) ہم کو ان سے ' وفا کی ہے امید ۔ جو نہیں جانتے ' وفا کیا ہے

(ج) رہی سبز بے فکرِ کِشتِ سخن ۔ نہ جوتا کیا میں ' نہ بویا کیا

حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے ۵+۵ = ۱۰

(الف) سمجھو نے نیا بیل پایا تو پاؤں پھیلائے ' دن میں تین تین چار چار کھیوے کرتے۔ نہ چارے کی فکر تھی ' نہ پانی کی ' بس کھیوؤں سے کام تھا۔ منڈی لے گئے ' وہاں کچھ سوکھا بھس ڈال دیا اور غریب جانور ابھی دم بھی نہ لینے پاتا تھا کہ پھر جوت دیا ۔

(ب) تم دنیا سے الگ تھلگ رہ کر مصوری کرتے رہتے ہو۔ تمہیں معلوم نہیں لوگ اس قسم کے واقعے پر کیا کچھ کرتے ہیں۔ سب کہیں گے ایک غریب اور قلاش مصور کو جھونپڑی میں سے نکال کر لایا۔ دکھاوے کے لیے اور پھر اسے واپس بھیج دیا ' کیا یہ میری توہین نہیں ہے ؟

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجئے ۱۰

(1) وضع دار وحشی کس طرح بدسلیقہ وحشی سے مختلف ہے ؟

(2) حمد میں شاعر نے اللہ رب العزت کی کن صفات کا ذکر کیا ہے ؟

(3) حالی کے اسلوب بیان کی دو نمایاں خوبیاں کون کون سی ہیں ؟

(4) شاعر کس شعر میں تخلص استعمال کرتا ہے ؟

(5) ٹیپ کا مصرع کسے کہتے ہیں ؟

(6) کس وجہ سے میر کا کلام آہ ہے اور سودا کا کلام واہ ؟

(7) " شاعروں کے لطیفے " میں جرات نے پڑھ دیا " اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی " تو سید انشاء نے فوراً کیا کہا ؟

(8) " سو دن چور کے تو ایک دن شاہ کا " سے کیا مراد ہے ؟

سوال نمبر۵۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے (i) کاہلی (ii) امتحان ۵

سوال نمبر۶۔ نصاب میں شامل نظم " پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ " کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۵

سوال نمبر۷۔ اپنے ہیڈ ماسٹر / پرنسپل صاحب کے نام حصول سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست تحریر کیجئے ۱۰

یا اپنے ناراض دوست کو منانے کے لیے اسے خط لکھیے

سوال نمبر۸۔ کپڑوں کی سلائی کے موضوع پر " گاہک اور درزی " کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے **یا** " ہرنی کی دعا " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے ۵

سوال نمبر۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے ۵

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے (ii) میں نے اکرم دیکھا (iii) اس نے کمر کو باندھا

(iv) سامان مکانات ' دکانیں سب کچھ جل گئے (v) سات چاند لگانا

یا درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے

(i) طویلے کی بلا ...... (ii) ماروں گھٹنا ...... (iii) یہاں کا باوا آدم ...... (iv) تخم تاثیر ...... (v) حساب جو جو ......

www.ilmkidunya.com